3

بنام سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

درخواست برائے ترمیم مجوزہ حلقہ قومی اسمبلی این اے 81

عرض ہے کہ سائل حالیہ حلقہ بندی سے قبل حلقہ این اے 96 کا رہائشی ہے جو کہ مکمل طور پر ایک شہری شناخت رکھنے والا اور گوجرانوالہ شہر کی مخصوص جغرافیائی ہیئت کے مطابق مغربی اور مشرقی بائی پاس کے اندر واقع ہے۔

ٹھوس اور باہمی ملا ہونے کی وجہ سے فاصلے کم ہیں ووٹروں کو پولنگ اسٹیشنوں تک جانے میں آسانی ہے اور اپنے منتخب نمائندے تک رسائی بھی آسان ہے۔

سائل کو اس بات کا ادراک ہے کہ گوجرانوالہ ضلع کی ایک قومی اسمبلی نشست کم ہونے سے حلقوں کی آبادی میں اضافہ ناگزیر ہے اور پارلیمان کی ہدایت کے مطابق مطلوبہ آبادی شامل کرنا ہی ضروری ہے۔

مجوزہ این اے 81 میں کچھ ایسے نیم دیہی حصے شامل کئے گئے ہیں جو کہ حلقہ کی شہری ہیئت کو متاثر کر رہے ہیں۔ زیادہ فاصلوں کے باعث ووٹروں کی منتخب نمائندے تک رسائی مشکل ہے۔

آسانی سے حلقے کا باہمی ربط اور شہری طبع کو قائم رکھا جا سکتا ہے اگر چارج 12 کے سرکل نمبر 5، سرکل نمبر 6، اور سرکل نمبر 7 جن کی کل آبادی 73947 بنتی ہے انہیں این اے 81 سے حذف کر کے این اے 80 میں شامل فرمایا جائے

چارج نمبر 12 سرکل نمبر 8 پہلے سے ہی این اے 81 سے حذف کیا گیا ہے

اس کے متبادل چارج نمبر 9 مکمل (سرکل 1 تا سرکل 5) جس کی کل آبادی 53357 بنتی ہے اسے این اے 80 سے حذف کر کے این اے 81 کا حصہ قرار دیا جائے۔

یہ اعداد و شمار 2017ء میں پاکستان بیورو آف سٹیٹسٹکس کی جانب سے شائع ہونیوالی مردم شماری رپورٹ کے مطابق ہیں۔

مندرجہ بالا تجویز پر عملدرآمد سے این اے 80 جو پہلے ہی دیہی اور نیم دیہی علاقوں پر مشتمل ہے اس کی یہ حیثیت قائم رہتی ہے اور این اے 81 جغرافیائی لحاظ سے مربوط ہو جاتا ہے۔

مندرجہ بالا تجویز صرف 2 حلقوں پر اثر انداز ہے لہذا ضلع کی دوسری حلقہ بندیوں پر اس کا کوئی اثر نہ ہے۔

الیکشن رولز 2017ء کے مطابق جو رہنما اصول حلقہ بندی کیلئے وضع کئے گئے ہیں مندرجہ بالا تجویز اس پر عین صادق ہے۔ مہربانی فرمائی جائے۔

عرضے

ناصر محمود ولد عبدالمجید

شماریاتی بلاک نمبر 164160201

سیٹلائیٹ ٹاؤن گوجرانوالہ